روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 6 جولائی 2009ء 12 رجب 1430 ہجری 6 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 150

## عفو اور عافیت

حضرت ابوبکر صدیقؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا:

اللہ سے عفو اور عافیت مانگو کیونکہ یقین کے بعد کسی کو عافیت سے بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء النبی حدیث نمبر:3481)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نواب سردار محمد علیخان رئیس مالیر کوٹلہ کا لڑکا قادیان میں سخت بیمار ہوگیا اور آثار یاس اور نومیدی کے ظاہر ہوگئے اُنہوں نے میری طرف دعا کیلئے التجا کی۔ مَیں نے اپنے بیت الدعا میں جا کر اُن کیلئے دعا کی اور دعا کے بعد معلوم ہوا کہ گویا تقدیر مبرم ہے اور اس وقت دعا کرنا عبث ہے تب میں نے کہا کہ یا الٰہی اگر دعا قبول نہیں ہوتی تو میں شفاعت کرتا ہوں کہ میرے لئے اس کو اچھا کر دے۔ یہ لفظ میرے مُنہ سے نکل گئے مگر بعد میں مَیں بہت نادم ہوا کہ ایسا مَیں نے کیوں کہا۔ اور ساتھ ہی مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ وحی ہوئی ..........یعنی کس کی مجال ہے کہ بغیر اذن الٰہی شفاعت کرے۔ مَیں اس وحی کو سُن کر چُپ ہوگیا اور ابھی ایک منٹ نہیں گذرا ہوگا کہ پھر یہ وحی الٰہی ہوئی کہ **انک انت المجاز**.......... بعد میں پھر مَیں نے دعا پر زور دیا اور مجھے محسوس ہوا کہ اب یہ دعا خالی نہیں جائے گی۔ چنانچہ اُسی دن بلکہ اسی وقت لڑکے کی حالت روبہ صحت ہوگئی گویا وہ قبر میں سے نکلا۔.......... مَیں خدا کا شکر کرتا ہوں کہ اِس قسم کے احیائے موتی بہت سے میرے ہاتھ سے ظہور میں آچکے ہیں۔ اور ایک دفعہ بشیر احمد میرا لڑکا آنکھوں کی بیماری سے بیمار ہوگیا اور مدّت تک علاج ہوتا رہا کچھ فائدہ نہ ہوا۔ تب اُس کی اضطراری حالت دیکھ کر میں نے جناب الٰہی میں دعا کی تو یہ الہام ہوا..........یعنی میرے لڑکے بشیر نے آنکھیں کھول دیں۔ تب اُسی دِن خدا تعالیٰ کے فضل اور کرم سے اُس کی آنکھیں اچھی ہوگئیں۔ اور ایک مرتبہ مَیں خود بیمار ہوگیا یہاں تک کہ قُربِ اجل سمجھ کر تین مرتبہ مجھے سورۃ یٰسٓ سُنائی گئی مگر خدا تعالیٰ نے میری دعا کو قبول فرما کر بغیر ذریعہ کسی دوا کے مجھے شفا بخشی اور جب مَیں صبح اُٹھا تو بالکل شفا تھی..........اسی طرح بہت سی صورتیں پیش آئیں جو محض دعا اور توجہ سے خدا تعالیٰ نے بیماروں کو اچھا کر دیا جن کا شمار کرنا مشکل ہے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 88)

## مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری و سیکنڈری -/6000 سے -/8000 روپے تک سالانہ
2۔ کالج لیول -/12000 سے -/15000 روپے تک سالانہ
3۔ بی ایس سی۔ ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات -/1,00,000 روپے تک

سینکڑوں طلبہ کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کے لئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''امداد طلبہ'' میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم)

رپورٹ: مکرم رضوان احمد صاحب افضل مربی سلسلہ سیرالیون

# سیرالیون میں مختلف بیوت الذکر کا افتتاح

## لونسر ریجن میں ایک بیت الذکر کا افتتاح اور ایک بیت الذکر کا سنگ بنیاد

سیرالیون کے ناردرن صوبہ کے ریجن لونسر میں جماعت نے حال ہی میں Masathlay کے مقام پر ایک چھوٹی بیت کی تعمیر مکمل کی ہے۔ وہاں کے مربی مکرم ضیاء اللہ ظفر صاحب نے بیت الذکر کے افتتاح کی ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا اہتمام کیا۔ مورخہ 23 مئی 2009ء محترم مولانا سعید الرحمٰن صاحب امیر و مشنری انچارج جماعت احمدیہ سیرالیون اس تقریب میں شمولیت کے لئے فری ٹاؤن سے تشریف لے گئے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد مکرم امیر صاحب نے اپنے افتتاحی خطاب میں شاملین کو بیت الذکر کے آباد کرنے کے بارے میں نصائح کیں۔ اس کے بعد آپ نے دعا کے ساتھ بیت الذکر کا باقاعدہ افتتاح فرمایا۔

لونسر شہر میں جان سٹریٹ کے علاقہ میں ایک بیت الذکر کے سنگ بنیاد کی تقریب کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ یہاں ایک پرانی بیت الذکر تھی اس کی جگہ نئی بیت الذکر کے لئے سنگ بنیاد رکھا گیا ہے۔ یہ بیت الذکر نمازیوں سمیت چند سال قبل احمدی ہوگئی تھی۔ بیت الذکر بہت پرانی اور خستہ حال تھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ازراہ شفقت منظوری سے امسال یہاں بیت الذکر کی تعمیر ہو رہی ہے۔ ان دونوں تقاریب میں علاقے کے بااثر احباب نے شرکت کی جن میں چیفڈم سپیکر اور سیاسی لیڈر بھی شامل تھے۔ سب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جماعت کی ملک و قوم کیلئے خدمات کا دل کھول کر اعتراف کیا اور جماعت کو خراج تحسین پیش کیا۔ مہمانوں کے علاوہ ان تقاریب میں سو سے زائد احباب جماعت نے شرکت کی۔

## روکونڈو اور سونگولوکو میں بیوت الذکر کا افتتاح

روکونڈو سیرالیون کی بہت پرانی جماعتوں میں سے ہے۔ یہاں کے پیراماؤنٹ چیف بھی احمدی ہوا کرتے تھے اب وہ فوت ہو چکے ہیں۔ بہت ہی مخلص احمدی تھے۔ امسال روکونڈو اور اس کی ہمسایہ جماعت سونگولوکو میں بیت الذکر کی تعمیر مکمل ہوئی ہے۔ یہاں کے لوکل مشنری مکرم عبدالکریم بنگورہ صاحب نے ان بیوت الذکر کے افتتاح کی تقاریب کا اہتمام کیا۔ اس تقریب میں شامل ہونے کے لئے اردگرد کی احمدی جماعتوں سے بھی نمائندگان تشریف لائے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم امیر صاحب سیرالیون مولانا سعید الرحمٰن صاحب نے نماز جمعہ کے ساتھ بیت الذکر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس تقریب میں 200 سے زائد احباب نے شرکت کی۔ روکونڈو کے اردگرد 20 دیہات میں ہماری جماعتیں قائم ہیں۔ اس پروگرام کے اختتام پر سب مقامی جماعتوں نے کھانا تیار کر کے تمام مہمانوں کی خدمت میں پیش کیا۔

## افتتاح مسنگی بیت الذکر

مسنگی کے مقام پر خدا کے فضل سے ہمارا سیکنڈری اور پرائمری سکول ہے۔ سیرالیون کی خانہ جنگی سے قبل یہاں جماعت کا ہسپتال بھی تھا اور بیت الذکر بھی۔ مگر خانہ جنگی کے دوران ہسپتال اور ڈاکٹر صاحب کی رہائش جلا دی گئی تھی۔ بیت الذکر ویران ہو کر کھنڈر بن گئی۔ گزشتہ سال مکرم نصیر خان صاحب آف کینیڈا نے جو کہ مسنگی سکول میں بطور مشنری ٹیچر خدمات انجام دے چکے ہیں نے بیت الذکر کی مرمت وغیرہ کی ذمہ داری اٹھائی اور اس کی مرمت کا کام شروع ہوا۔ اس کے بعد مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ امریکہ جو سیرالیون میں خدمات سرانجام دے چکے ہیں نے اس مرمت کے کام کی تکمیل کے لئے رقم بھجوائی۔

مکرم امیر صاحب سیرالیون اس بیت الذکر کی Renovation کی تکمیل کے بعد اس کے افتتاح کیلئے فری ٹاؤن سے مسنگی تشریف لے گئے۔ افتتاحی تقریب میں شرکت کے لئے دور و نزدیک کی جماعتوں سے 200 احباب نے شرکت کی۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد مکرم امیر صاحب سیرالیون مولانا سعید الرحمٰن صاحب اپنے خطاب میں مسنگی جماعت کو تلقین کی کہ اللہ کے گھر کو آباد رکھیں اور بیت الذکر کی آبادی کو بڑھائیں۔ دعا کے ساتھ محترم امیر صاحب نے بیت الذکر کا باقاعدہ افتتاح فرمایا۔

## Rorinka بیت الذکر کا افتتاح

دارالحکومت فری ٹاؤن سے ناردرن صوبہ کے صوبائی دارالحکومت مکینی جانے والی مین ہائی وے پر یہ نئی بیت الذکر تعمیر ہوئی ہے۔ اس بیت الذکر کی تعمیر کے اخراجات مکرم شیخ محمد امجد صاحب آف یوکے نے ادا کئے۔ مکرم طاہر احمد فرخ صاحب مربی سلسلہ مکینی نے اس بیت الذکر کی تعمیر کی نگرانی کی اور بہت کم عرصہ میں بہت خوبصورت بیت الذکر کی تعمیر مکمل کی۔

مکرم مربی صاحب نے اس بیت الذکر کے افتتاح کی ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا اہتمام کیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد لوکل مشنری مکرم شیخو الفا کرومانے امام مہدی کی آمد کے بارے میں جو پیشگوئیاں ہیں ان کی روشنی میں احباب جماعت کو تفصیل سے اس مسئلہ کو سمجھایا۔

مکرم امیر صاحب سیرالیون نے اپنے خطاب میں احباب جماعت کو دعا کی تحریک فرمائی۔ آپ نے اپنے خطاب میں احباب جماعت کو اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ بیوت الذکر امن کا نشان ہیں۔ بیوت الذکر کے ذریعہ امن کا پیغام ہر خاص و عام تک پہنچنا چاہیے۔

مکرم امیر صاحب سیرالیون مولانا سعید الرحمٰن صاحب نے دعا کے ساتھ اس بیت الذکر کا باقاعدہ افتتاح فرمایا۔ اس کے بعد نماز ظہر و عصر ادا کی گئی۔ تقریب کے اختتام پر تمام شاملین جن کی تعداد 200 سے زائد تھی کھانا پیش کیا گیا۔

احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بیوت الذکر اور پروگراموں کے ذریعہ جماعت کے پیغام کو احسن رنگ میں ہر ایک فرد تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان بیوت الذکر سے عباد الرحمٰن پیدا ہوں۔

(الفضل انٹرنیشنل 12 رجون 2009ء)

## عظیم سبق

ایک صحابی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جس نے ہاتھ میں کوئی چیز پکڑی ہوئی تھی اور اوپر چادر سے اس کو ڈھانک رکھا تھا۔

اس نے آکر کہا یا رسول اللہؐ میں آپ کے پاس آ رہا تھا کہ درختوں کے ایک جھنڈ کے پاس سے گزرا۔ وہاں میں نے پرندے کے بچوں کی آوازیں سنیں۔ میں نے انہیں اٹھا لیا اور چادر میں لپیٹ لیا۔

ان بچوں کی ماں آگئی اور میرے سر پر منڈلانے لگی۔ میں نے چادر ہٹا دی تو وہ بھی بچوں کے ساتھ بیٹھ گئی تو میں نے اسے بھی چادر میں لپیٹ لیا اب یہ سب میرے پاس ہیں۔

آپؐ نے فرمایا انہیں نیچے رکھ دو۔ بچوں کو پرے کر کے رکھ دیا تو ماں نے بچوں کے بغیر اُڑنے سے انکار کر دیا۔ اس پر حضورؐ نے صحابہ کو ایک عظیم سبق دیا فرمایا کیا تم اس ماں کی بچوں سے محبت پر تعجب کرتے ہو خدا کی قسم اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے اس سے بھی زیادہ محبت کرنے والا ہے۔

پھر آپؐ نے اس شخص سے فرمایا۔

ان سب کو جہاں سے اٹھا کر لائے ہو وہیں رکھ کر آؤ۔ چنانچہ وہ صحابی اس حکم کی تعمیل میں چلے گئے۔

(ابوداؤد کتاب الجنائز باب الامراض المکفر ۃللذ نوب)

رپورٹ مکرم سعید الرحمٰن صاحب امیر جماعت سیرالیون

## کینیما سیرالیون میں احمدیہ ہسپتال کا افتتاح

سیرالیون کے تیسرے بڑے شہر کینیما میں ایک ہسپتال کی بہت بڑی عمارت 25 سال کی لیز پر لی گئی ہے۔ اس عمارت کو لیز پر لینے کے بعد اس کی مرمت کا کام کروایا گیا اور مکرم مبارک طاہر صاحب سیکرٹری مجلس نصرت جہاں کے دورۂ سیرالیون کے دوران اس ہسپتال کے افتتاح کا پروگرام بنایا گیا۔

افتتاحی پروگرام میں شرکت کیلئے بااثر لوگوں کو دعوت دی گئی جن میں بعض وزراء کے حکومتی نمائندوں میں سابق صدر مملکت سیرالیون Mr. Tejan Kabba شامل ہیں۔

افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس تقریب میں 250 سے زائد مرد و خواتین شامل ہوئے۔ اس تقریب کے موقع پر سابق صدر صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ احمدیہ جماعت ملک بھر میں مسلسل ترقیاتی کاموں میں مصروف ہے۔ جن میں سے آج ایک ہسپتال بھی شامل ہے جس کا مقصد کینیما کے لوگوں کو ایک بہترین ہیلتھ سروس مہیا کرنا ہے۔ آپ نے کینیما کے لوگوں کو بھی ترغیب دلائی کہ وہ ہسپتال کی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اس منصوبے کو کامیاب بنائیں۔

ریذیڈنٹ منسٹر ایسٹ نے اپنے بیان میں کہا کہ احمدیہ جماعت نے بڑی تیزی کے ساتھ لوگوں کو بنیادی ضروریات مہیا کرنے کے کام میں لگایا ہوا ہے۔ اور قوم و ملک کی بڑی خدمت کر رہی ہے۔

افتتاحی تقریب کے بعد مہمانوں کو ہسپتال کے مختلف حصے دکھائے گئے جس پر انہوں نے خوشی کا اظہار کیا۔

یہ ہسپتال 100 بیڈز کا ہے۔ ابتدائی طور پر صرف 20 بیڈز کے ساتھ اس کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ ہسپتال میں بیک وقت کئی ڈاکٹروں کے کام کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ کینیما اور اردگرد کے علاقوں کے لئے یہ واحد اچھا ہسپتال ہے اس لئے لوگوں کو اس سے بہت امیدیں وابستہ ہیں۔

قارئین کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ سیرالیون کو یہاں کی عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس ہسپتال کو جماعت کی نیک نامی اور لوگوں کی طبی ضروریات کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(الفضل انٹرنیشنل 12 رجون 2009ء)

✿✿✿✿✿

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

## از افاضات حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب

# اچھی مائیں۔ تربیت اولاد کے دس سنہری گر

بچوں کی صحیح تربیت کے لئے (دین حق) مندرجہ ذیل بنیادی باتوں کا تاکیدی حکم دیتا ہے۔

### اوّل

(مومن) مرد دیندار اور بااخلاق بیویوں کے ساتھ شادیاں کریں۔ تاکہ نہ صرف ان کا گھران کی اپنی زندگی میں جنت کا نمونہ بنے بلکہ اولاد کیلئے بھی نیک تربیت اور نیک نمونہ میسّر آنے سے دائمی برکت کا دور قائم ہو جائے۔

### دوم

ہر عورت خود بھی دیندار بنے اور دین کا علم سیکھے۔ اور پھر دین کے احکام کے مطابق اپنا عمل بنائے تاکہ وہ گھر کی چار دیواری میں دین کا چرچا رکھنے، دین کی تعلیم دینے اور دین کے مطابق عملی نمونہ پیش کرنے کے ذریعہ اپنے بچوں کی زندگیوں کو بچپن سے ہی دینداری اور نیکی کے رستہ پر ڈال سکے۔ اچھی اولاد کے لئے اچھی ماں کا وجود ایک بالکل بنیادی چیز ہے اور اکسیر کا حکم رکھتی ہے کاش دنیا اس حقیقت کو سمجھے۔

### سوم

بچوں کی تربیت کا آغاز ان کی ولادت کے ساتھ ہی ہو جانا چاہئے اور خواہ وہ بظاہر ماں باپ کی بات سمجھیں یا نہ سمجھیں بلکہ خود وہ بظاہر اپنی آنکھیں اور کان استعمال کرسکیں یا نہ کرسکیں ماں باپ کو یہی سمجھنا چاہئے۔ کہ وہ ہمارے ہر فعل کو دیکھ رہے اور ہمارے ہر قول کو سن رہے ہیں۔ (دین) نے بچہ کی پیدائش کے ساتھ ہی اس کے کان میں اذان دلا کر اسی نفسیاتی نکتہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

### چہارم

ماؤں کا فرض ہے کہ بچپن میں ہی اپنے بچوں کے دلوں میں ایمان بالغیب کا تصوّر راسخ کردیں اور ان کی طبیعت میں یہ بات پختہ طور پر جمادیں کہ اس دنیائے شہود میں رُوحانی اور مادی نظام کی حقیقی تاریں ایک پردہءغیب کے پیچھے سے کھینچی جا رہی ہیں جس کا مرکزی نقطہ خدا ہے اور باقی ارکان فرشتے اور کتابیں اور رسول اور یوم آخر اور تقدیر خیروشر ہیں۔ جس شخص نے اس نکتہ کو پالیا اس کیلئے فلسفہء موت وحیات ایک کھلا ہوا منشور بن کر سامنے آجاتا ہے۔

### پنجم

ماؤں کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کو بچپن سے ہی نماز کا پابند بنائیں۔ کیونکہ عمل کی زندگی میں نماز خالق اور مخلوق کے درمیان کی وہ کڑی ہے جس سے دل کا چراغ روشن رہتا ہے اور انسان گویا روحانیت کی مخفی تاروں کے ذریعہ خدا کے ساتھ باندھ دیا جاتا ہے جس ماں نے اپنے بچوں کو نماز کا پابند بنادیا اور ان کے دل میں نماز کا شوق پیدا کردیا اس نے اس کے دین کو ایک ایسے کڑے کے ساتھ باندھ دیا جو کبھی ٹوٹ نہیں سکتا۔ ایسے بچے خدا کی گود میں ہوتے ہیں اور ان کی مائیں خدا کے دائمی سایہ کے نیچے۔ عمل کے میدان میں یہ بچوں کا نمبر 1 ہے اور نتائج کے لحاظ سے پوری کتاب درس۔

### ششم

ماؤں کا فرض ہے کہ اپنے بچوں میں بچپن سے ہی انفاق فی سبیل اللہ اور دین کے لئے خرچ کرنے کی عادت ڈالیں اور ان میں یہ احساس پیدا کرائیں کہ ہر چیز جو انہیں خدا کی طرف سے ملی ہے خواہ وہ مال ہے یا دل ودماغ کی طاقتیں ہیں یا علم ہے یا اوقات زندگی ہیں ان سب میں سے خدا اور جماعت کا حصہ نکالیں اور خصوصاً انہیں بچپن میں ہی اپنے ہاتھ سے چندہ دینے اور غریبوں کی مدد کرنے اور جماعتی کاموں میں اپنے وقت کا حصہ خرچ کرنے کا عادی بنائیں۔ یہ حکم نماز کے بعد (دین حق) کا دوسرا ستون ہے اور اس کے بغیر کوئی شخص حکومت الٰہی کی لڑی میں پرویا نہیں جاسکتا۔

### ہفتم

ماؤں کا فرض ہے کہ اپنے بچوں کو ہمیشہ شرک خفی کے گڑھے میں گرنے سے ہوشیار رکھیں۔ دنیا کی ظاہری تدبیروں کو اختیار کرنے کے باوجود ان کا دل ہر وقت اس زندہ ایمان سے معمور رہنا چاہئے کہ ساری تدبیروں کے پیچھے خدا کا ہاتھ کام کرتا ہے اور

وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے

### ہشتم

بچوں کو ماں باپ اور دوسرے بزرگوں کا ادب سکھایا جائے۔ خواہ وہ رشتہ دار ہوں یا غیر رشتہ دار اور ہمسایہ ہوں یا اجنبی۔ ادب دینی طریقت کی جان ہے۔ اور پھر بچوں کے اندر خصوصیت سے والدین کی اطاعت اور خدمت اور احترام کا جذبہ پیدا کیا جائے۔

اس کی طرف سے غفلت برتنے کو ہمارے آقا ﷺ نے (دین) میں گناہ نمبر 2 شمار کیا ہے۔

### نہم

ہر احمدی ماں کا فرض ہے کہ وہ بچوں میں سچ بولنے کی عادت پیدا کرے۔ صداقت تمام نیکیوں کا منبع اور جھوٹ تمام بدیوں کا مولد ہے سچ بولنے والا بچہ خدا کا پیارا اور قوم کی زینت اور خاندان کا فخر ہوتا ہے اور قول زُور سے بڑھ کر اخلاق میں پستی پیدا کرنے والی اور بدی کے ناپاک انڈوں کو سینے والی کوئی چیز نہیں۔

### دہم

ماں باپ کا فرض ہے کہ ہمیشہ اپنی اولاد کی تربیت کے لئے خدا کے حضور دعا کرتے رہیں کہ وہ انہیں نیکی کے رستہ پر قائم رکھے اور دین و دنیا کی ترقی عطا کرے اور ان کا حافظ و ناصر ہو۔

یہ وہ دس بنیادی باتیں ہیں جو اولاد کی تربیت کے لئے نہایت ضروری ہیں۔ اور یہ وہ بیج ہے جو احمدی ماؤں کی ہاتھوں سے ہر احمدی بچے کے دل میں بو یا جانا ضروری ہے ورنہ گو خدا کے رسول تو بہرحال غالب ہو کر رہتے ہیں۔ مگر کم از کم جہاں تک انسانی کوشش اور ظاہری اسباب کا تعلق ہے جماعت کی ترقی

ایں خیال است و محال است و جنون

(مرسلہ:۔ رانا مبارک احمد صاحب)

☆......☆......☆

# معرفت نفس

کوئی عاشق ہے کسی کی خوبی گفتار کا  کوئی متوالا بنا ہے ابروئے خمدار کا

کوئی طالب ہے بتوں کا کوئی خواہاں مال کا  ہے خدائے لم یزل محبوب اس نادار کا

بادشاہِ حسن سے یہ لوگ غافل ہیں تمام  قبلہ و کعبہ جو ہے ہر کافر و دیندار کا

گر مجازی و حقیقی میں یہ کرتے امتیاز  پھر نہ ہوتا کوئی جھگڑا سبحہ و زنار کا

لوگ خوبانِ جہاں کو دیکھ کر مبہوت ہیں  حسن یہ بخشا ہوا ہے سب مری سرکار کا

مہ جبینوں پر چھڑک کر ایک چھینٹا حسن کا  جائزہ اس نے لیا ہر غافل و ہشیار کا

عارفانِ حق سمجھتے ہیں فقط اس راز کو  یعنی جلوہ ہے حسینوں میں اسی اک یار کا

لعل و یاقوت و زمرد اور خورشید و قمر  ہیں کرشمہ سب اسی کے حسن پُر انوار کا

نفس انسانی میں رکھے اس نے اسرار جہاں  تا بشر ظل ہو صفات داور داوار کا

”اس کی باتوں کے فرشتے بھی نہیں ہیں راز دار“  ناطقہ ہے بند اس جاہر لب اظہار کا

جس نے اپنے آپ کو سمجھا خدا کو پالیا  خوب ہے یہ قول محکم احمد مختارؐ کا

کس کی تیغ ناز چمکی ہے کہ جس سے ہر طرف  شور برپا ہو رہا ہے عاشقانِ زار کا

عالم امکاں میں اے غافل بہت ہشیار رہ  اک نگہباں ہے ترے ہر قول کا کردار کا

شمسؔ کیوں شیدا نہ ہو تیرا مرے پیارے خدا
”ہاتھ ہے تیری طرف ہر گیسوئے خمدار کا“

(الفضل 4 دسمبر 1932ء)

**حضرت مولانا جلال الدین شمس**

قسط : ہشتم

## حقیقۃ الوحی کے مطالعہ میں سہولت کے لئے

# فرہنگ حقیقۃ الوحی

## مشکل الفاظ واصطلاحات کا تلفظ اور ان کے معانی

مشکل الفاظ کا تلفظ اور ان کے معانی کی آخری قسط پیش خدمت ہیں۔امید ہے الفضل کے تمام شمارے آپ کے پاس محفوظ ہوں گے اور ان سے استفادہ کررہے ہوں گے۔آئندہ انشاء اللہ کتاب میں موجود بعض اسماء، مقامات، کتابیات اور اصطلاحات کا تعارف بھی قسط وار شائع کیا جائے گا۔اللہ تعالیٰ احسن رنگ میں حضرت اقدس کی کتب کے مطالعہ کی توفیق دے۔آمین

مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

### م-ن-و-ہ-ی

| الفاظ | تلفظ | معانی |
|---|---|---|
| معاصی | مَعَاصِیُ | معصیت کی جمع، گناہ، عصیان |
| مُعَبِّرِین | مُعَبِّرِین | معبر کی جمع، خواب کی تعبیر بتانے والا |
| معتبر | مُعْتَبَرُ | اعتبار کیا گیا، قابل اعتماد، بھروسے کا |
| معتزلہ | مُعْتَزِلَه | ایک عقلیت پسند فرقہ جسکے بانی ایرانی نژاد واصل بن عطا تھے |
| مُعْتَقِدُ | مُعْتَقِدُ | اعتقاد رکھنے والا ماننے والا، قائل |
| مُعْتَقَدُ | مُعْتَقَدُ | اعتقاد کیا گیا |
| مُعْتَقَدَات | مُعْتَقَدَاتٌ | عقائد۔مُعْتَقَدْ کی جمع |
| مُعْدِمُ | مُعْدِمُ | معدوم کرنے والا، ختم کرنے والا |
| معدوم | مَعْدُوم | مٹایا گیا فنا کیا گیا ناپید، کالعدم، غیر موجود |
| معذب | مُعَذِّبُ | عذاب دینے والا، مصیبت میں ڈالنے والا، سزا دینے والا۔ |
| معراج | مِعْرَاجُ | اوپر چڑھنے کی چیز، سیڑھی، رسول کریم ﷺ کا عرش الٰہی تک جانا اور تجلیات الٰہی کا نظارہ کرنا |
| معرض التواء | مَعْرَضِ اِلْتِوَاء | رکا رہنا، ملتوی ہونا، اٹکا رہنا |
| معرض خطرہ | مَعْرَضِ خَطْرَه | خطرے میں مبتلا ہونا، آفت میں پھنسنا، مشکل میں ہونا |
| معرفت | مَعْرِفَتُ | پہچان، ادراک، پانا، ذریعہ، توسط |
| معرفت الٰہیہ | مَعْرِفَتِ اِلٰهِيَّه | اللہ تعالیٰ کو پہچاننا اور اس کو پانا، اللہ تعالیٰ کا عرفان |
| معصیت | مَعْصِيَتُ | گناہ، نافرمانی |
| معقول | مَعْقُوْل | جسے عقل کے ذریعہ سمجھا جا سکے، سمجھ میں آنے والا قرین عقل، جو عقل کو پسند ہو |
| معقولاً ومنقولاً | مَعْقُوْلاً و مَنْقُوْلاً | علم عقلی (فلسفہ وسائنس) ، علم نقلی (تقلیدی علم) |
| معقولی | مَعْقُوْلِیُ | معقول سے تعلق رکھنے والا، منطقی، علم معقولات کا ماہر، منطق، فلسفہ کا جاننے والا |
| معقولی پیرایہ | مَعْقُوْلِیُ پَیْرَایَه | عقلی طور پر |
| معلق | مُعَلَّقُ | آویزاں، درمیان میں لٹکا ہوا، التواء میں پڑا ہوا |
| موعود | مَوْعُوْد | جس کا پہلے سے وعدہ کیا گیا ہو، مشروط، مقرر، متعین، قول وقرار کے موافق |
| مغائر | مُغَائِرُ | مختلف، برعکس، برخلاف |
| مغشوش | مَغْشُوْش | جس میں ملاوٹ کی گئی ہو، غیر خالص، جعلی |
| مغشوش متاع | مَغْشُوْش مَتَاع | ایسا مال جس میں ملاوٹ کی گئی ہو |
| مُغَيَّبات | مُغَيَّبَاتُ | چھپی ہوئی چیزیں، غائب چیزیں، وہ چیزیں جن کا علم صرف خدا تعالیٰ کو ہے، غیب |
| مفارقت | مُفَارَقَتُ | باہم جدا ہونا، بچھڑنا، علیحدگی، فراق |
| مفتری | مُفْتَرِیُ | افترا کرنے والا، بہتان باندھنے والا |
| مفصل | مُفَصَّلُ | تفصیل وتشریح کے ساتھ بیان کیا ہوا، تفصیلی، جدا کیا گیا |
| مفصلہ ذیل | مُفَصَّلَهُ ذَيْل | وہ جن کی تفصیل نیچے لکھی ہوئی ہے |
| مفقود | مَفْقُوْد | گمشدہ، ندارد، جو پایا نہ جائے |
| مفلس | مُفْلِسُ | جس کے پاس پیسا مال نہ ہو، غریب، مسکین |
| مفلوج | مَفْلُوْج | جس کو فالج ہو جائے، بیکار، ناکارہ |
| مقام عبرت | مُقَامِ عِبْرَتُ | عبرت حاصل کرنے کا موقع محل |
| مقتضیٰ | مُقْتَضیٰ | جس کا تقاضا کیا گیا ہو۔خواہش کیا گیا |
| مقتضائے بشریت | مُقْتَضَائے بَشَرِيَّتُ | انسانیت کا تقاضا |
| مقتضی | مُقْتَضِیُ | جس کی ضرورت محسوس ہو، خواہاں |
| مقدم بالذات | مُقَدَّمُ بِالذَّاتُ | پہلا، اول |
| مقدمہ دائر ہونا | مُقَدَّمَهُ دَائِرُ ہونا | مقدمہ بنانا یا قائم ہونا |
| مقدور | مَقْدُوْر | طاقت، قوت، قدرت، حوصلہ، ہمت |
| مقر | مُقِرّ | اقرار کرنے والا |
| مقطعات | مُقَطَّعَات | وہ کلمات جو کلام پاک کی بعض سورتوں کے شروع میں آئے ہیں |
| مقیاس الحرارت | مِقْيَاسُ الْحَرَارَتُ | تھرمامیٹر، حرارت یا بخار کی مقدار ناپنے کا آلہ |
| مقیم | مُقِيْم | اقامت کرنے والا، قیام پذیر |
| مکار | مَكَّارُ | مکر کرنے والا، فریبی، عیار، ٹھگ |
| مکاشفات | مُكَاشَفَاتُ | مکاشفہ کی جمع۔کشف |
| مکالمہ مخاطبہ | مُكَالَمَه، مُخَاطَبَهُ | اللہ تعالیٰ کا اپنے بندے سے گفتگو کرنا |
| مکتی | مُكْتِیُ | نجات، مغفرت، چھٹکارا، رہائی |
| مکدر | مُكَدَّرُ | کدورت آمیز، غبار آلودہ، گندگی والا |
| مکذب | مُكَذِّبُ | جھٹلانے والا، جھوٹا قرار دینے والا |
| مکر | مَكْر | تدبیر، فریب، چال |
| مَكْرُ اللہ | مَكْرُ اللّٰه | اللہ کی تدبیر |
| مُكَرَّرُ | مُكَرَّرُ | جو دوبارہ واقع ہو، دوبارہ پھر سے |
| مکفر | مُكَفِّرُ | انکار کرنے والا، جھٹلانے والا |
| مکلم | مُكَلَّمُ | جس سے بات کی جائے، مخاطب |
| ملاح | مَلَّاحُ | کشتیاں، ناؤ چلانے والا |
| ملاکی نبی | مَلَاكِیُ نَبِیُ | ایک نبی جن کی پرانے عہد نامے میں ایک کتاب ہے |
| ملامت | مَلَامَتُ | برا بھلا کہنا۔جھڑکنا۔ڈانٹنا |
| ملائک شداد وغلاظ | مَلَائِكِ شِدَاد وغِلَاظ | بہت قوی اور سخت گیر فرشتے |
| ملحد | مُلْحِدُ | بے دین، راہ حق سے پھرا ہوا |
| ملحق | مُلْحَقُ | ملا ہوا، نزدیک، پاس |
| ملحوظ | مَلْحُوْظ | لحاظ کیا گیا، خیال رکھا گیا |
| ملعون | مَلْعُوْن | لعنت کیا گیا۔مردود |
| ملفوظات | مَلْفُوْظَات | بزرگوں کے اقوال۔بولے گئے الفاظ |
| ملہِم | مُلْهِمُ | الہام کرنے والا |
| ملہَم | مُلْهَمُ | الہام کیا گیا۔جس پر الہام ہو |

| | | |
|---|---|---|
| ممتنع | مُمْتَنِعْ | منع، ناممکن۔ یہ چیز ممتنع ہے: یعنی نہیں ہوسکتی یا یہ کہ منع ہے۔ رُکنے والا/والی |
| ممدوح | مَمْدُوح | جس کی مدح کی گئی ہو |
| ممدوحہ | مَمْدُوحَہ | مدح کی گئی، تعریف کی گئی، ممدوح کی مؤنث |
| ممیت | مُمِیت | مارنے والا، وفات دینے والا |
| من گھڑت | مَنْ گَھڑَتْ | فرضی، (کنایۃً) جعلی، جو اصلی نہ ہو |
| مناجات | مُنَاجَاتْ | دعا، التجا، عرض |
| منادی | مُنَادِیْ | ڈھنڈورچی، کسی امر کا اعلان کرنے کے واسطے آواز دینے والا |
| منتشر | مُنْتَشِرْ | بکھرا ہوا، پراگندہ، اختلاف والا |
| منجم | مُنَجِّمْ | نجومی، ستاروں کا علم جاننے والا، جوتشی |
| منجملہ | مِنْجُمْلَہٗ | سب میں سے، کُل میں سے |
| منحرف | مُنْحَرِفْ | پھرنے والا، ترچھا |
| منحصر | مُنْحَصِرْ | گھیرا ہوا، محدود، محدود، احاطہ کیا ہوا |
| منحوس | مَنْحُوس | بدبخت، بدنصیب، بُرا |
| مندمل | مُنْدَمِلْ | ٹھیک ہونے والا (عموماً زخم) |
| منذر | مُنْذِرْ | ڈرانے والا، ہوشیار کرنے والا |
| منزہ | مُنَزَّہ | پاک، صاف |
| منشا | مَنْشَا | غرض، مقصد، مطلب، مراد |
| منصب | مَنْصَبُ | رتبہ و عہدہ جلیل القدر جو شاہان ہند کی طرف سے امراء کو دیا جاتا ہے |
| منطق | مَنْطِقْ | وہ علم جو عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کر دیتا ہے، بولی، گفتگو، نطق |
| منعکس | مُنْعَکِسْ | کسی چیز کا دوسری چیز میں عکس پیدا ہونا |
| منقولی | مَنْقُولِیْ | بیان کیا گیا، نقل کیا گیا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا۔ (وہ علم جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو جو دوسروں نے بیان کی ہیں) |
| منور | مُنَوَّرْ | روشن، چمکدار |
| منہدم | مُنْہَدِمْ | مسمار (عمارت وغیرہ) گر جانے والا/والی |
| مواخذہ | مُؤَاخَذَہ | گرفت، بازپرس، جواب طلبی، پکڑ |
| موضع | مَوْضِعْ | جگہ، مقام، دیہہ، علاقہ، بستی |
| مواضع | مَوَاضِعْ | بہت سے موضعے، مقامات، جگہیں، دیہات، بستیاں |
| موافق | مُوَافِقْ | موافقت رکھنے والا، حامی |
| موجب ثلج قلب | مُوْجِبِ ثَلْجِ قَلْب | کسی چیز کا دل کی تسلی اور اطمینان کی وجہ بننا، دل کی ٹھنڈک کا موجب |
| موجزن | مَوْجْزَنْ | موج مارنے والا، لہریں مارتا ہوا، متلاطم |
| موحد | مُوَحِّدْ | خدا کو ایک ماننے والا |
| موذی | مُوْذِیْ | دکھ پہنچانے والا، ظالم، تکلیف پہنچانے والا |
| مورد | مَوْرِدْ | اترنے، پہنچنے، آنے، ٹھہرنے کی جگہ۔ وارد ہونے کی جگہ |
| موروثی اسامیوں | مَوْرُوثِیْ اَسَامِیوں | میراث یا ورثے میں ملا ہوا، جدی پشتی، خاندانی |
| موزوں | مَوْزُوں | لائق حال، توقع کے لحاظ سے مناسب |
| موسوم کرنا | مَوْسُوم کرنا | نام دینا، نام رکھنا |
| موقوف | مَوْقُوف | مبنی، مقرر، محدود |
| مول | مول | بھاؤ، نرخ، ثمن، دام، قیمت (میم پر کوئی حرکت نہیں کیونکہ واؤ مجہول آگے ہے) |
| موہبت | مَوْہِبَتْ | عطا، وہ چیز یا صفت جو عطیے کے طور پر ملی ہو |
| موہبت الٰہی | مَوْہَبَتُ اِلٰہی | اللہ تعالیٰ کی عطا، عطیہ خداوندی |
| مؤخر الذکر | مُؤَخَّرُ الذِّکْر | جس کا ذکر بعد میں کیا جائے |
| مؤلفۃ القلوب | مُؤَلَّفَۃُ الْقُلُوْب | وہ لوگ جو سب سے زیادہ ہمدردی اور اعانت کے مستحق ہوں (کسی کو قریب کرنے کے لئے اُن کی دلجوئی کرنا) |
| مؤید | مُؤَیِّدْ | تائید کرنے والا، مددگار، معاون، حمایتی |
| مہاشکتی مان | مَہَاشَکْتِیْ مَانْ | نہایت قدرت والا، بہت زیادہ زور آور |
| مہاکشٹ | مَہَاکَشْٹ | نہایت تکلیف، از بس رنج |
| مہجور | مَہْجُور | الگ، جدا، بچھڑا ہوا، جسے چھوڑ دیا جائے |
| مہدی غازی | مَہْدِیِ غَازی | مسلمانوں کا مہدی کے بارہ میں یہ عقیدہ کہ وہ آنے والا مہدی کافروں کے خلاف جنگیں اور غزوات کرے گا |

| | | |
|---|---|---|
| مہلت | مُہْلَتْ | موقع، وقفہ، ڈھیل |
| مہمل | مُہْمَلْ | بے مطلب، بے معنی، مبہم |
| مہیب | مُہِیب | ہیبت ناک، خوف ناک، ڈراؤنا، بھیانک |
| مہیب شکل | مُہِیب شَکَل | ڈراؤنی شکل کا، جسے دیکھ کر ڈر لگے |
| مہین | مَہِین | باریک، آر پار نظر آنے والا، دبلا پتلا، کمزور |
| میخ فولادی | مِیخ فَوْلَادِی | لوہے کا کیل |
| میزان | مِیْزَان | حساب، ترازو، تعداد |
| میموریل | مِیمُورِیَلْ | یادگار، حاکم یا آئین ساز مجلس کو پیش کیے جانے والے حقائق کی تحریری روداد جو درخواست کی صورت میں ہو، محضر نامہ |
| مری | مَرِیْ | طاعون، وبا؛ وبائے عام جیسے ہیضہ، چیچک وغیرہ |
| محیی | مُحْیِیْ | زندہ کرنے والا، حیات دینے والا |
| مشتِ خاک | مُشْتِ خاک | خاک کی مٹھی، بے حقیقت چیز، انسان |
| میعاد | مِیْعَادُ | مقررہ مدت، وقت |
| نابکار | نَابَکَارْ | جو کارآمد نہ ہو، بیکار، بے فائدہ، نالائق |
| نابود | نَابُوْد | غائب، غیر موجود۔ ناپید، معدوم |
| ناپائیدار | نَاپائے دَارْ | جو دیرپا نہ ہو، کمزور، بودا، غیر مستحکم |
| ناجی | نَاجِیْ | نجات حاصل کرنے والا۔ نجات یافتہ |
| ناچیز | نَاچِیز | جس کی کوئی اہمیت نہ ہو، جو کسی شمار قطار میں نہ آئے، بے حقیقت |
| ناداری | نَادَارِیْ | مفلسی، غربت، افلاس، تنگدستی، تنگ حالی |
| ناش | نَاشْ | بربادی، فنا، تباہی، زوال، نقصان |
| ناطق فیصلہ | نَاطِقُ فیصلہ | قطعی فیصلہ، قرار واقعی فیصلہ، مستحکم |
| ناطوں | نَاطُوں | ناطہ کی جمع۔ رشتہ |
| نافلہ | نَافِلَہ | پوتا؛ وہ عبادت جو فرض نہ ہو اور اپنے طور پر کی جائے۔ زائد انعام |
| ناکردنی | نَاکَرْدَنِیْ | جو کرنے کے لائق نہ ہو |
| ناگاہ | نَاگاہ | اچانک، فوراً |
| ناگری | نَاگَرِی | دیوناگری، ہندی کا رسم الخط |
| ناگفتنی | نَاگُفْتَنِیْ | جو کہنے کے لائق نہ ہو، ناقابل بیان |
| ناگوار | نَاگَوَارْ | ناپسند، خلاف طبع |
| ناگہانی | نَاگَہَانِیْ | اچانک پیش آنے والا واقعہ |
| نالش | نَالِشْ | شکایت، دعویٰ، حاکم سے چارہ جوئی، مقدمہ |
| نامراد | نَامُرَادْ | جس کی مراد پوری نہ ہو، محروم، ناکام |
| نامرادیوں | نَامُرادِیوں | مراد پوری نہ ہونا، محرومیاں، ناکامیاں |
| نامہ | نَامَہ | خط، مکتوب، دستاویز، تحریر |
| نامہ نگار | نَامَہ نِگَارْ | خبر دہندہ، اخبار کا مضمون نگار، خط لکھنے والا |
| نبراس | نِبْرَاسْ | چراغ، لالٹین، لیمپ، قندیل |
| نجات | نَجَاتْ | رہائی، خلاصی، کامیاب ہونا |
| نجاست | نَجَاسَتْ | گندگی، آلائش، غلاظت |
| نجس | نَجِس | گندہ، ناپاک، پلید، غلیظ |
| نجوم | نُجُوم | ستارے، وہ علم جس میں ستاروں کی چال اور انسانوں اور حالات و واقعات پر ان کے سعد و نحس اثرات سے بحث کی جاتی ہے |
| نحس | نَحْس | نامبارک، بدشگون |
| نخچیر | نَخْچِیرْ | وحشی جانور، شکار، قیدی، زخمی، شکار کیا ہوا جانور |
| نخوت | نَخْوَتْ | غرور، گھمنڈ، تکبر |
| ندامت | نَدَامَتْ | شرمندگی، شرمساری، حسرت، پشیمانی |
| نراکار | نراکار | بے عیب، جس کی کوئی شکل و شباہت نہ ہو، بے نشان مراد خدا وند تعالیٰ |
| نرسی جی | نرسی جی | ایک برگزیدہ بندہ خدا |
| نزول الماء | نُزُوْلُ الْمَاء | آنکھوں میں پانی اترنے کا مرض، موتیابند |
| نسیان | نِسْیَان | بھول چوک، سہو، فراموشی |
| نسیم رحمت | نَسِیمِ رَحْمَتُ | رحمت کی ہوا |

| | | |
|---|---|---|
| نشیب | نَشیب | پستی، ڈھلان، سطح زمین جو نسبتاً نیچی ہو، گڑھا |
| نص صریح | نَصِّ صَرِیح | واضح دلیل، واضح قرآنی ہدایت |
| نصرانیت | نَصرَانِیَّت | عیسائیت |
| نصوص صریحہ | نُصُوصِ صَرِیحَہ | واضح دلائل۔ قرآنی نصوص: جو قرآن میں لفظاً موجود ہو۔ حدیثی نصوص: جو حدیث میں لفظاً موجود ہوں وغیرہ۔ |
| نظیر | نَظِیر | مثل، مانند، طرح، جیسا |
| نعش | نَعش | انسان کا مردہ جسم، لاش، میت، ارتھی |
| نفاق | نِفَاق | ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ ہونا، منافقت |
| نفس امارہ | نَفسِ اَمَّارَہ | (اصطلاحاً) شر کی جانب مائل کرنے والا نفس، گناہوں پر آمادہ کرنے والا مبالغہ کا صیغہ اس کا معنی ہے، بہت حکم کرنے والا |
| نفس امر | نَفسِ اَمر | اصل مدعا، اصل حقیقت، امر واقعی، درحقیقت، جو واقعی موجود ہو فرض نہ کیا گیا ہو |
| نفس پرست | نَفس پَرَست | نفسانی خواہشات کا غلام، شہوت پرست، ابوالہوس، عیاش |
| نفسانی قالب | نَفسَانِیُ قَالِب | انسانی مزاج، جسم |
| نقارہ | نَقَّارَہ | ڈھول، (ڈھول کی طرح کا ہوتا ہے جب لکڑی سے اس پر ضرب لگاتے ہیں تو ڈھول کی طرح بہت اونچی آواز دیتا ہے) طبل، کوس، نوبت |
| نقاہت | نَقَاہَت | مرض کے بعد کی کمزوری و ناتوانی، ضعف، ناطاقتی |
| نقب زنی | نَقب زَنِیُ | سیندھ لگانا، کسی کے مکان میں کسی رکاوٹ کو دور کر کے یعنی کھڑکی توڑ کر یا سیندھ لگا کر بدنیتی یا کسی جرم کی نیت سے داخل ہونے کا عمل، چوری، لوٹ مار، چپکے سے کسی کام کی راہ نکالنا |
| نقیض | نَقِیض | توڑنے والا، مخالف، الٹا، برعکس، متضاد |
| نکتہ چینیاں | نُکتَہ چِینِیَاں | اعتراض کرنے کا عمل، عیب گیری عیب جوئی، نقص نکالنا |
| نکوکار | نِکوکَار | وہ شخص جس کے کام اچھے ہوں، نیک |
| نگینہ | نَگِینَہ | نگ، قیمتی پتھر، جواہرات کا وہ ترشا ہوا ٹکڑا جو انگوٹھی میں جڑا جاتا ہے |
| نواح | نَوَاح | اردگرد کا علاقہ، اطراف و جوانب، قرب و جوار، مضافات |
| نوبت | نَوبَت | کسی بات کا وقت، کسی کام کا معینہ وقت، وقت کا حصہ نیز دفعہ مرتبہ، بار، باری |
| نوبتیں | نَوبَتِیں | نوبت کی جمع |
| نور باطن | نُورِ بَاطِن | قلب کی روشنی؛ روحانی قوت |
| نوشتہ | نوشتہ | لکھا ہوا، تقدیر، قسمت، نصیب |
| نوشتوں | نَوشتُوں | نوشتہ کی جمع |
| نوشتۂ تقدیر | نَوشتَۂِ تَقدِیر | قسمت کا لکھا ہوا، قسمت، نصیب |
| نومیدی | نَومَیدِیُ | ناامیدی، مایوسی |
| نہانی راز | نِہَانِی رَاز | مخفی راز |
| نہاں درنہاں | نِہَاں دَرنِہَاں | مخفی در مخفی |
| نیاز | نِیَاز | حاجت، طلب، محبت، انکسار، نذر، ہدیہ |
| نیست | نِیُست | نہ ہونا، عدم |
| نیست سے ہست کرنا | نِیُست سے ہَست کرنا | عدم سے وجود میں لانا، پیدا کرنا |
| نیست و نابود | نِیُست و نَابُود | معدوم، تباہ و برباد |
| نیستی | نیستی | نہ ہونے کی حالت یا کیفیت، معدومیت، فنا، ناپید کرنا |
| نیوگ | نِیوُگ | (ہندو) آریہ مذہب کے مطابق بعض اوقات جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ خاوند کی اجازت سے کسی دوسرے شخص سے اولاد حاصل کر سکتی ہے |
| واجب القتل | وَاجِبُ القَتل | جس کا قتل واجب ہو |
| واجب الوقوع | وَاجِبُ الوُقُوع | جس کا واقع ہونا واجب ہو |
| واصل جہنم | وَاصِلِ جَھَنَّم | جہنم میں جانے والا |
| واللہ اعلم بالصواب | وَاللّٰہُ اَعلَمُ بِالصَّوَاب | اور اللہ ہی اصل حقیقت جانتا ہے |
| والیان ملک | وَالِیَانِ مُلک | سلطنت کے حاکم |
| وجاہت | وَجَاھَت | بزرگی، وقار، عزت و حرمت |
| وجد | وَجد | خوشی سے بے خود ہو کر جھومنے کی کیفیت |
| وجیہہ | وَجِیُہ | خوبصورت، عزت والا، معتبر، معزز |
| وحشت خیز | وَحشَتُ خیز | وحشت پیدا کرنے والا، گھبراہٹ طاری کر دینے والا نیز خوفناک |
| وحی | وَحی | الہام۔ خدا کا کلام کرنا |

| | | |
|---|---|---|
| وحی الابتلاء | وَحُیُ الْاِبتِلَاءِ | وہ وحی جو ابتلاء اور آزمائش میں ڈالنے والی ہو |
| وحی الاصطفاء | وَحُیُ الْاِصطِفَاءِ | وہ وحی جو انسان کو ہر قسم کی ملونی سے پاک کرنے والی ہو |
| ودیعت | وَدِیُعَت | عطا، رکھا جانا |
| وراء الوراء | وَرَاءُ الوَرَاءِ | پرے سے پرے، بہت دور، مراد اللہ تعالیٰ |
| ورم | وَرَم | سوجن، آماس، بیماری یا چوٹ کے سبب جسم کے کسی حصے کا پھول جانا |
| وساطت | وَسَاطَت | توسل، وسیلہ، ذریعہ |
| وساوس | وَسَاوِس | وسوسہ کی جمع۔ وہ خیالات یا خدشات جو کوئی کام کرتے ہوئے دل میں پیدا ہوتے ہیں |
| وسوسہ | وَسوَسَہ | شیطانی خیال، خیال جو دل میں گزرے، وہم |
| وسیع الرحمت | وَسِیعُ الرَّحمَتُ | جس کی رحمت بہت زیادہ ہو |
| وضعی حدیث | وَضعِی حَدِیث | من گھڑت، جعلی، بناوٹی حدیث، جو آنحضرت ﷺ کے نام پر کسی نے خود بنالی ہو |
| وعید | وَعِید | عذاب کا ڈراوا، سزا دینے کا وعدہ، تنبیہ، تہدید |
| وعید کی پیشگوئیاں | وَعِید کی پیشگوُئِیاں | ایسی پیشگوئیاں جن میں کسی عذاب کا ڈراوا ہو۔ اور جس کو ڈرایا گیا ہو اسکی توبہ یا اصلاح یا دعا یا صدقہ وغیرہ سے وہ پیشگوئی ٹل جائے، پوری نہ ہو |
| وقعت | وَقعَت | عزت، مرتبہ، قدر، عظمت، بزرگی |
| وقوع | وقوع | کسی واقعے یا بات کے ہونے یا پیش آنے کا عمل، برپا ہونا، صدور، ظہور |
| ولایت | وَلَا یت | خدا تعالیٰ کے مقرب اور اس کے ساتھ محبت اور دوستی کا تعلق رکھنے والے کو ولی کہتے ہیں اور یہ دوستی اور تعلق کا مقام 'ولایت' کہلاتا ہے (دوسرے ملک کو بھی ولایت کہا جاتا ہے) |
| ولدالزنا | وَلَدُ الزِّنَا | غیر منکوحہ والدین کی اولاد، حرامی، ولدالحرام |
| وہبی علم | وَھبِی عِلم | خدا کی طرف سے دیا گیا علم |
| وید | وِید | ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام جو تعداد میں چار ہیں۔ رگ وید، یجروید، شام وید، اتھرون وید |
| وید بھاش | وِید بَھاش | وید کی بولی، زبان، وہ زبان جس میں وید تحریر کی گئی ہے، وید کی تفسیر |
| ورد | وِرد | ہر روز کا معمول، کسی بات کو یا کسی نام کو بار بار دہرانے کا عمل، قرآن کی کوئی آیت یا دعا کے کلمات کا بطور وظیفہ پڑھنا |
| ہٹ دھرمی | ہَٹ دَھرمِی | ضد کرنے کی حالت |
| ہجو | ہَجُو | کسی کی برائی کرنا، مذمت، بدگوئی، عیب جوئی |
| ہدیہ | ہَدِیَّہ | چیز جو کسی کو تعظیم یا محبت کے جذبے کے تحت دی جائے، تحفہ، نذرانہ |
| ہذیان | ہَذیَان | بے معنی باتیں، بے ربط باتیں جو بے ہوشی یا مدہوشی میں کی جائیں؛ بے ہودہ کلام |
| ہفتم | ہَفتُم | ساتویں |
| ہم بستر | ہَم بِستر | ایک بستر پر سونا، صحبت کرنا |
| ہمراہیوں | ہَمرَاھیوں | ہمراہی کی جمع، ساتھی، قریبی |
| ہم قوم | ہَم قَوم | ایک ہی قوم کا۔ ایک ذات کا |
| ہم نشین | ہَم نَشِین | پاس کا بیٹھنے اٹھنے والا۔ ہم صحبت |
| ہمجنس | ہَمجِنس | ہم ذات، یکساں، ہم رتبہ، ہم پیشہ |
| ہمچومن دگرے نیست | ہَمچُومَن دِگرے نِیست | میرے مثل دوسرا نہیں ہے |
| ہموم و غموم | ہُمُوم و غُمُوم | غم اور فکر، پریشانیاں |
| ہن اس دا لیکھا خدا نال جا پیا اے | ہُنُ اُسُ دَا لیکھا خُدَا نال جا پیَا اے | اب اس کا معاملہ خدا کے ساتھ ہے |
| ہنوز | ہَنُوز | اب تک، ابھی تک، اس وقت تک |
| ہوا و ہوس | ہَوَا و ہَوَس | حرص اور لالچ، عیاشی، شہوت پرستی |
| ہولناک | ہولنَاک | خوفناک، خطرناک، دہشت ناک ڈراؤنا وہ جس کے دیکھنے سے خوف پیدا ہو |
| ہیئت | ہَیئَت | حالت، شکل، صورت، علم الافلاک، آسمان اور اجرام فلکی کے مطالعہ کا علم |
| ہیبت ناک | ہَیبَت نَاک | ڈراؤنا، مہیب، خوفناک |
| ہیچ | ہیچ | معدوم، قلیل، نکما، ناکارہ، کوئی، کچھ |
| ہیکل | ہَیکَل | حضرت سلیمان علیہ السلام کا تعمیر کردہ معبد |
| یاس | یَاس | ناامیدی، مایوسی |
| یکلخت | یَکلَخت | فوراً، معاً، بالکل |
| یکوں | یَکُوں | یکہ کی جمع |
| یمین و یسار | یَمِین و یَسَار | دائیں اور بائیں |

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## خدا تعالیٰ کی قدرت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

خدا تعالیٰ کی راہ میں جو لوگ مال خرچ کرتے ہیں ان کے مالوں میں خدا اس طرح برکت دیتا ہے کہ جیسے ایک دانہ جب بویا جاتا ہے تو گو وہ ایک ہی ہوتا ہے مگر خدا اس میں سے سات خوشے نکال سکتا ہے اور ہر ایک خوشہ میں سو دانے پیدا کر سکتا ہے یعنی اصل چیز سے زیادہ کر دینا یہ خدا کی قدرت میں داخل ہے اور درحقیقت ہم تمام لوگ خدا کی اسی قدرت سے ہی زندہ ہیں اور اگر خدا اپنی طرف سے کسی چیز کو زیادہ کرنے پر قادر نہ ہوتا تو تمام دنیا ہلاک ہو جاتی اور ایک جاندار بھی روئے زمین پر باقی نہ رہتا۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 170)

احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے صدقات/عطیات فضل عمر ہسپتال کی مد امداد نادار مریضان اور مدّ ڈویلپمنٹ میں جمع کروا کر ثواب دارین حاصل کریں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## تبدیلی نام

مکرم فضل الرحمٰن جاوید صاحب تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار نے اپنا نام محمد جاوید اختر ولد محمد لطیف صاحب سے تبدیل کر کے فضل الرحمٰن جاوید ولد محمد لطیف رکھ لیا ہے۔ آئندہ خاکسار کو اسی نام سے لکھا اور پکارا جائے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم انعام الرحمٰن صاحب مربی ضلع نوشہرہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے قریبی دوست مکرم صفدر علی شاہ صاحب جرمنی کی والدہ محترمہ اہلیہ مکرم اصغر علی شاہ صاحب کئی دنوں سے برین ہیمبرج کی بیماری میں مبتلا ہیں پہلے فیصل آباد زیر علاج رہیں اب فضل عمر ہسپتال ربوہ میں منتقل کر دی گئی ہیں بیہوشی کی مسلسل کیفیت ہے جو ایک مہینہ سے جاری ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوفہ کو شفائے کاملہ و عاجلہ سے نوازے۔ آمین

مکرم عبد الما لک صدر محلّہ دارالنصر شرقی نور ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم جاوید اقبال صاحب دارالنصر شرقی نور ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے تین بیٹیوں کے بعد بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جسے پیدائش کے بعد بخار کی شکایت ہے اور وہ فضل عمر ہسپتال زبیدہ بانی ونگ میں داخل ہے احباب جماعت سے نومولود کیلئے صحت و تندرستی سے بھرپور لمبی زندگی کیلئے درخواست دعا ہے۔

## اعانت بیوت الذکر بیرون

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ 11 نومبر 2005ء میں فرمایا:۔

''اس زمانے میں جس میں مادیت کا دور دورہ ہے احمدی ہی ہے جو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہوئے اس کے گھر بھی تعمیر کرتا ہے۔ اور اس کی عبادت سے اپنے آپ کو سجانے کی کوشش بھی کرتا ہے۔ اپنی نسلوں میں بھی ان کی اعلیٰ تربیت کے ذریعہ یہ روح پھونکنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس ضمن میں مجھے یاد آیا کہ ہمارے بچپن میں تحریک جدید میں ایک مَد (بیوت الذکر) بیرون کی بھی ہوا کرتی تھی۔ ہر سال جب بچے پاس ہوتے تھے تو عموماً اس خوشی کے موقع پر بچوں کو بڑوں کی طرف سے کوئی رقم ملتی تھی۔ وہ اس میں سے اس مد میں ضرور چندہ دیتے تھے یا اپنے جیب خرچ سے دیتے تھے...... جب بچے پاس ہو جائیں تو اس وقت یا کسی اور خوشی کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے گھر کی تعمیر میں چندہ دیا کریں اور اب تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے کونے کونے میں بے شمار احمدی بچے امتحانوں میں پاس ہوتے ہیں۔ اگر ہر سال ذیلی تنظیمیں اس طرف توجہ دیں، ان کو کہیں اور جماعتی نظام بھی کہے کہ اس موقع پر وہ اس مَدّ میں اپنے پاس ہونے کی خوشی میں چندہ دیا کریں تو جہاں وہ اللہ تعالیٰ کا گھر بنانے کی خاطر مالی قربانی کی عادت ڈال رہے ہوں گے وہاں اس وجہ سے اللہ تعالیٰ کا فضل سمیٹتے ہوئے اپنا مستقبل بھی سنوار رہے ہوں گے۔ والدین بھی اس بارے میں اپنے بچوں کی تربیت کریں اور انہیں ترغیب دلائیں تو اللہ تعالیٰ ان والدین کو بھی خاص طور پر اس ماحول میں بہت سی فکروں سے آزاد فرما دے گا۔

اللہ کرے کہ ہم حضرت اقدس مسیح موعود کی خواہش کے مطابق عبادتیں کرنے والے بھی ہوں جس طرح آپ جماعت کو بنانا چاہتے تھے۔''

(الفضل 23 فروری 2006ء)

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

## میڈیکل کے انٹری ٹیسٹ

ایف ایس سی پری میڈیکل گروپ کے طلباء وطالبات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب کے سرکاری میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلہ کے لئے انٹری ٹیسٹ 27 ستمبر 2009ء کو ہو گا۔ حکومت پنجاب کے اعلان کے مطابق صوبے کے کسی بھی میڈیکل یا ڈینٹل کالج (سرکاری یا پرائیویٹ) میں داخلہ کے لئے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کا انٹری ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہے سرکاری میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلہ کا عمل اس سال اگست 2009ء کے اواخر میں شروع ہو گا۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر پر رابطہ فرمائیں۔

(042-9231304-9,042-111-333-366)

(نظارت تعلیم)

## مالاوی۔ جنگلات اور سبزے کا ملک

**سرکاری نام:**

جمہوریہ مالاوی (Republic of Malawi)

**پرانا نام:**

نیاسالینڈ

**محل وقوع:**

اس کے شمال میں تنزانیہ، مشرق میں جھیل نیاسا (ملاوی) جنوب مشرق اور جنوب میں موزمبیق، مغرب میں زیمبیا واقع ہیں۔

**جغرافیائی صورتحال:**

ملاوی بغیر سمندر کے Land Locked ملک ہے۔ اس کی شمال سے جنوب تک لمبائی 835 کلومیٹر اور چوڑائی 80 سے 160 کلومیٹر تک ہے۔ عظیم نشیبی وادی Rift کا ایک حصہ ملک کے شمال سے جنوب کی طرف چلتا ہے۔ جنوبی حصہ میں جھیل نیاسا (ملاوی) واقع ہے جو کہ افریقہ کی تیسری بڑی جھیل ہے۔ دریائے شائر جھیل کے آخری جنوبی حصے سے بہتا ہوا موزمبیق میں دریائے زیمبیزی (Zambezi) میں گرتا ہے۔ جھیل کے جنوب میں شائر کا بلند علاقہ تقریباً 2700 میٹر اونچا ہے۔ مالاوی کا زیادہ تر علاقہ جنگلات اور سرسبز میدانوں پر مشتمل ہے۔

**رقبہ:**

118,484 مربع کلومیٹر

**آبادی:**

ایک کروڑ 10 لاکھ نفوس (1999ء)

**دارالحکومت:**

لیلنگوئے Lilongwe (3 لاکھ)

**بلند ترین مقام:**

ماؤنٹ مولانجے (3000 میٹر)

**بڑے شہر:**

بلان ٹائر۔ لمبے۔ زومبا۔ سلیمہ۔ ڈیزڈا۔ مزوزو۔ چیلومبا۔ کارونگا۔ کاسونگو۔ منگوچے۔ یوٹینی

**سرکاری زبان:**

انگریزی (چیوا۔ لوموئے۔ نیانجا۔ یاؤ۔ تومبوکا)

**مذاہب:**

عیسائی 75 فیصد۔ مسلم 15 فیصد۔ مظاہر پرست 10 فیصد

**اہم نسلی گروپ:**

چیوا 90 فیصد نیانجا۔ تومبوگا۔ نگونی یاؤ۔ لوموئے

**یوم آزادی:**

6 جولائی 1964ء

**رکنیت اقوام متحدہ:**

یکم دسمبر 1964ء

**کرنسی یونٹ:**

کواچا Kwacha=100 ٹمبالا (ریزرو بینک آف مالاوی 1965ء)

**انتظامی تقسیم:**

3 ریجن (24 ضلع)

**موسم:**

گرم اور مرطوب رہتا ہے۔ مئی تا ستمبر موسم خشک جبکہ نومبر تا اپریل بارشوں کے مہینے ہیں۔

**اہم زرعی پیداوار:**

چائے، تمباکو، کافی، گنا، کپاس، مونگ پھلی، مکئی، باجرہ، ربڑ، چاول، سورگم، سویابین (مویشی)

**اہم صنعتیں:**

فوڈ پروسیسنگ، کیمیائی اشیاء، ٹیکسٹائل، سیمنٹ، تعمیراتی سامان، الکوحل، مشروبات، تمباکو کی مصنوعات، جوتے، پیتل کا سامان، زرعی آلات

**اہم معدنیات:**

کوئلہ، باکسائٹ، چونے کا پتھر، سنگ مرمر

## مورچری کی سہولت

احباب جماعت کو اطلاع دی جاتی ہے کہ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مورچری (Mortuary) یعنی میت کیلئے سردخانہ کی سہولت موجود ہے۔ ایسی صورت میں جہاں میت کو مورچری میں رکھنا ضروری ہو تو امیر صاحب جماعت/صدر صاحب محلّہ کی تصدیق سے یہ سہولت استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس بارہ میں استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ کریں۔

www.foh-rabwah.org

Tel:6213970,6213909,6211373

6212659

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

کوالٹی جیولری میں با اعتماد نام
رحیم جیولرز
ریلوے روڈ ربوہ 047-6215045

## ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

### 9 رجولائی 2009ء

| | |
|---|---|
| 12-30 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 1-00 am | عربی سروس |
| 2-00 am | لقاءمع العرب 30 راکتوبر 1994ء |
| 3-00 am | ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں |
| 3-30 am | بستان وقف نو |
| 4-30 am | تقریر جلسہ سالانہ |
| 5-20 am | خطبہ جمعہ |
| 6-15 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 6-35 am | تلاوت، درس حدیث |
| 6-55 am | لقاءمع العرب |
| 7-55 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 8-25 am | خطبہ جمعہ |
| 9-35 am | کھانے کے بارے پروگرام |
| 10-00 am | ایم۔ٹی۔اے ورائٹی |
| 11-10 am | تقریر جلسہ سالانہ |
| 12-05 pm | تلاوت، درس ملفوظات |
| 1-20 pm | چلڈرن کلاس |
| 2-10 pm | ملاقات پروگرام 25 جون 1995ء |
| 3-15 pm | ریئل ٹاک |
| 4-00 pm | انڈونیشین سروس |
| 5-10 pm | پشتو سروس |
| 6-00 pm | تلاوت، درس ملفوظات |
| 7-00 pm | خطبہ جمعہ 3 جولائی 2009ء |
| 8-20 pm | ترجمۃ القرآن 6 راکتوبر 1998ء |
| 9-30 pm | دورہ حضور انور بیت دارالبرکات برمنگھم |
| 10-10 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 25 جون 1995ء |
| 10-45 pm | ملاقات پروگرام |

### 10 رجولائی 2009ء

| | |
|---|---|
| 12-00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 12-15 am | درس ملفوظات |
| 12-30 am | عربی سروس |
| 2-35 am | ریئل ٹاک |
| 3-20 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 4-15 am | جلسہ سیرت النبی ﷺ |
| 4-35 am | چلڈرنز کلاس |
| 6-05 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 7-10 am | لقاءمع العرب |
| 7-35 am | درس ملفوظات |
| 7-55 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 9-15 am | ترجمۃ القرآن 6 راکتوبر 1998ء |
| 10-10 am | جلسہ سیرت النبی ﷺ |
| 11-25 am | دورہ حضور انور |
| 12-05 pm | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 1-00 pm | گلشن وقف نو |
| 2-05 pm | فرنچ کلاس |
| 2-30 pm | سرائیکی سروس |
| 3-15 pm | اعتراضات کے جواب 17 مارچ 1994ء |
| 3-50 pm | انڈونیشین سروس |
| 4-45 pm | سیرت صحابہ رسولؐ |
| 6-00 pm | براہ راست خطبہ جمعہ Live |
| 7-10 pm | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 8-10 pm | بنگلہ پروگرام |
| 9-15 pm | سیرت صحابہ رسول ﷺ |
| 10-05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 10 جولائی 2009ء |
| 11-20 pm | افتتاح بیت الفتوح |
| 11-30 pm | فرنچ کلاس |

### 11 رجولائی 2009

| | |
|---|---|
| 12-00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 12-30 am | عربی سروس |
| 2-35 am | ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں |
| 3-10 am | خطبہ جمعہ |
| 4-25 am | روح کی غذا |
| 5-00 am | اعتراضات کے جوابات |
| 6-00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 6-20 am | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 7-25 am | فرنچ پروگرام |
| 7-50 am | لقاءمع العرب 25 نومبر 1994ء |
| 9-00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 9-15 am | خطبہ جمعہ 10 جولائی 2009ء |
| 10-25 am | روح کی غذا |
| 10-55 am | راہ ھدیٰ |
| 12-00 pm | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 1-00 pm | سوال و جواب 24 مئی 1997ء |
| 2-05 pm | رفقائے احمد |
| 2-40 pm | خطبہ جمعہ |
| 3-40 pm | انڈونیشین سروس |
| 4-40 pm | فرنچ سروس |
| 5-20 pm | سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے |
| 5-50 pm | تلاوت، خبریں |
| 6-40 pm | بنگلہ پروگرام |
| 7-40 pm | براہ راست انتخاب سخن Live |
| 8-40 pm | حضور انور کے ساتھ طلباء جامعہ احمدیہ کی نشست 8 فروری 2009ء |
| 9-55 pm | راہ ھدیٰ |
| 10-55 pm | سوال و جواب سیشن |

## خبریں

### پاک فوج کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ 26 جوان جاں بحق

اورکزئی ایجنسی میں پاک فوج کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہونے سے 26 جوان جاں بحق ہو گئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والے پاک فوج کے ایم آئی 17 ہیلی کاپٹر میں 30 سے زائد جوان سوار تھے۔ ہیلی کاپٹر پاراچنار سے پشاور آ رہا تھا کہ تکنیکی خرابی کے باعث اورکزئی اور خیبر ایجنسی کے سرحدی علاقے چپر فیروز خیل پر گر کر تباہ ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق ہیلی کاپٹر گرنے سے متعلق تفصیلی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

### بیت اللہ محسود ٹھکانوں پر ڈرون حملے، 15 شدت پسند جاں بحق 27 زخمی

جنوبی وزیرستان میں بیت اللہ محسود گروپ کے ٹھکانوں پر امریکی ڈرون طیاروں کے دو میزائل حملوں میں 15 رافراد ہلاک اور 27 شدید زخمی ہو گئے جبکہ شمالی وزیرستان کے سرحدی علاقے میں پاکستانی سیکیورٹی فورسز کے جیٹ طیاروں کی بمباری سے 7 افراد ہلاک اور 14 زخمی ہوئے۔ دوسری جانب مالاکنڈ ڈویژن کے ضلع اپر دیر میں قومی لشکر نے ایک غیر ملکی شدت پسند کو ہلاک کر دیا اور 3 شدت پسندوں کے گھر جلا دیئے۔

### سوات کے علاوہ دیگر کلیئر کئے گئے علاقوں میں چھاؤنیاں بنائیں گے

وزیر اعظم گیلانی نے کہا ہے کہ کوئی نیا صوبہ نہیں بنے گا۔ سوات اور دیگر کلیئر کئے گئے علاقوں میں فوجی چھاؤنیاں بنائیں گے اور فوج وہاں رہے گی۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد ماڈل کالج فار گرلز ایف ٹین ٹو کے سالانہ کانووکیشن کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔

### امید ہے پاکستان کو ڈرون ٹیکنالوجی مل جائے گی، مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے

مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ ڈرون حملوں کی ٹیکنالوجی پاکستان کو فراہم کرنے کے مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے۔ اسامہ بن لادن پاکستان کے کسی حصے میں نہیں ہے۔ امریکی عہدیدار کو ڈرون حملوں پر پاکستان کی تشویش سے آگاہ کیا ہے۔

### پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے، لوڈشیڈنگ کے خلاف کئی شہروں میں مظاہرے

ملک کے اکثر شہروں میں عوام لوڈشیڈنگ کا عذاب ابھی تک جھیل رہے ہیں جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور لوڈشیڈنگ کے خلاف عوام ٹرانسپورٹروں سیاسی جماعتوں اور تاجروں نے مظاہرے کئے۔

### میثاق جمہوریت صرف کاغذ کا ٹکڑا بن کر رہ گیا

مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف نے کہا ہے کہ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کے درمیان میثاق جمہوریت صرف کاغذ کا ٹکڑا بن کر رہ گیا ہے وزیراعظم کو بیچارہ نہیں بااختیار ہونا چاہئے۔

### ربوہ میں طلوع وغروب 6 جولائی

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:38 |
| طلوع آفتاب | 6:06 |
| زوال آفتاب | 1:13 |
| غروب آفتاب | 8:19 |


شادابی
برسات کی آمد ہے استعمال کریں
گرمی دانوں کیلئے مفید ہے خون صاف کرتی ہے۔ خون پیدا کرتی ہے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

TUITION
English : Tenses
1 ماہ میں کسی VERB سے 1680 جملے زبانی سنانا سیکھیں
0334-6372030

حب مفید اٹھرا
اٹھرا کے مریضوں کیلئے مجرب نسخہ
اس اہم نسخہ کی تھوک اور پرچون کی خریداری کیلئے رجوع فرمائیں
دارالفتوح گلی نمبر 1 ربوہ
حکیم منور احمد عزیز
0476214029
03346201283

خالص سونے کے زیورات
Ph:6212868
Res:6212867
Mob: 0333-6706870
میاں اظہر احمد
میاں مظہر احمد
فینسی جیولرز
محسن مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

FD-10

MEHREEN TRAVELS
our Servicses
* Air Ticketing & Reservation.
* Hotel Reservations.
The best services in affordable price
Yes your own travel consultant: Mehreen Travels.
For any enquiry :
Please contact: 042-6280443-44 Cell#:0345-4033286 Fax #: 6280506
108-B- Sadiq plaza, 69 shahrah-e-Quaid-e-Azam Lahore
E-mail:mehreentravels@hotmail.com